پریس ریلیز

گوجرانوالہ 06 ستمبر 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کی وفد کے ہمراہ چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو گوجرانوالہ عاصم افتخار سے اہم ملاقات کی جبکہ وفد میں سابق صدور اخلاق احمد بٹ، ملک ظہیر الحق، خواجہ ضرار کلیم، رانا شہزاد حفیظ اور چیمبر کے ٹیکس ایڈوائزر شفاقت علی بٹر شامل تھے۔ وفد کی قیادت کرتے ہوئے چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ معاشی صورتحال میں کاروباری برادری عجیب کشمکش کا شکار ہو چکی ہے۔ مسائل بہت زیادہ ہیں ہماری گزارش ہے کہ مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے FBR سمیت تمام محکمے بزنس کمیونٹی کی دادرسی کریں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمارا ملک ہے اور اس وقت نازک ترین دور سے گزر رہا ہے ہم سب کو مل بیٹھ کا اس کی ترقی کیلئے حل تلاش کرنا ہوگا۔ بزنس کمیونٹی ٹیکس دینا چاہتی ہے لیکن جب تک صنعتی پہیہ نہیں چلے گا تو کاروباری لوگ ٹیکس کس طرح ادا کر سکیں گے۔ ہماری خواہش ہے کہ ٹیکسز کے متعلقہ تمام مسائل ٹربیونل اور عدالتوں کی بجائے باہمی مشاورت کے ساتھ حل ہوں اس سے محکمہ کو ریونیو بھی ملے گا اور کاروباری برادری کو آسانی بھی میسر آئے گی۔

عاصم افتخار چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو گوجرانوالہ نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ گوجرانوالہ چیمبر کے وفد نے جن مسائل کیطرف نشاندہی کروائی ہے وہ حقیقت پر مبنی اور میرٹ پر ہیں میں یقین دلاتا ہوں کہ ان مسائل کو فوری حل کر کے بزنس کمیونٹی کی مشکلات کو کم کیا جائے گا۔ کیونکہ بزنس کمیونٹی کو ریلیف دینے کا مقصد ملکی معیشت کی بحالی ہے۔ گوجرانوالہ پاکستان کا اہم صنعتی شہر ہے یہاں کے کاروباری لوگ ملکی معیشت کو مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں اس بات کا بھی بخوبی علم ہے کہ پچھلے چند سالوں سے کاروباری حالات پہلے جیسے نہیں رہے کاروباری مسائل زیادہ ہیں جن سے انڈسٹری مشکل سفر کر رہی ہے۔ انہوں نے وفد کے ویژن کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ گوجرانوالہ چیمبر کا وفد پاکستان کی خوشحالی کیلئے ہر ممکن تعاون کو تیار ہے اس جذبے کی جتنی قدر کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکسز کے حوالے سے بزنس کمیونٹی کو جن مسائل کا سامنا ہے چیمبر کیطرف سے ہمیں لکھ کر ارسال کریں یقین دلاتا ہوں کہ ان مسائل کو چیمبر ہی کی تجویز سے ہی حل کیا جائے گا۔ اس علاوہ ایسے کیس جو ٹربیونل اور عدالتوں میں ہیں انہیں بھی باہمی مشاورت سے فوری حل کیا جائے گا۔